# مہینہ پورا ہونے پر اجرت دینا طے ہو تو ایڈوانس اجرت دینا لازم نہیں

ریفرینس نمبر:IEC-0175 تاریخ:16-03-2024

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ میری کمپنی میں کئی افراد کام کرتے ہیں جنھیں میں ماہانہ سیلری دیتا ہوں اور انھیں کام پر رکھتے وقت بھی طے یہی ہوتا ہے کہ پہلے پورا مہینہ آپ کام کریں گے ،اس کے بعد سیلری ملے گی لیکن بعض ملازمین (Employees) اپنی ضرورت کے تحت مہینہ پورا ہونے سے پہلے ہی کچھ سیلری کا تقاضا کرنے لگ جاتے ہیں، بعض اوقات تو میں دے دیتا ہوں اور بعض اوقات میں نہیں دے پاتا۔ کیا نہ دینے کی صورت میں، میں گنہگار ہوں گا اور حق العبد میں گرفتار ہوں گا؟ سائل: فرید خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

پوچھی گئی صورت میں ملازم (Employee) رکھتے وقت ہی جب ملازم سے سیلری کے متعلق یہ طے ہو جاتا ہے کہ پہلے پورا مہینہ آپ کام کریں گے اس کے بعد سیلری ملے گی اور ہر مہینہ اسی طرح ہو گا تو مہینہ پورا ہونے پر ملازم کو سیلری دینا لازم ہے، اس سے پہلے سیلری یا سیلری کا کچھ حصہ دینا لازم نہیں ہے اور نہ دے کر آپ گنہگار نہیں ہوں گے۔ البتہ ملازمین کا ایڈوانس سیلری طلب کرنا قرض کی ایک صورت ہے۔ ضرورت مند کو قرض دینا بھی ایک عمدہ نیکی ہے۔ اگر گنجائش ہو تو ایسا کرنا، چاہیے البتہ ایسا کرنا واجب نہیں ہے۔

اجرت اگر کسی مخصوص وقت میں مثلاً ماہانہ ادا کرنے کا طے ہو تو اسی مخصوص وقت میں ادا کی

جائے گی چنانچہ مجلۃ الاحکام العدلیہ میں ہے”إن كانت الأجرة موقتة بوقت معين كالشهرية أو السنوية مثلا يلزم إيفاؤها عند انقضاء ذلک الوقت “یعنی:اجرت اگرکسی معین وقت کے ساتھ موقت ہے مثلامہینہ یاسال تواجرت کی ادائیگی اس وقت کے گزرنے پرلازم ہوگی۔

(مجلۃ الاحکام العدلیہ،صفحہ90،مطبوعہ کراچی)

اس کے تحت دررالحکام شرح مجلۃ الاحکام میں ہے:” أي إذا كانت الإجارة غير مطلقة بل كانت الأجرة موقتة بوقت معين كالسنوية والشهرية مثلا لزم أداؤها إلى الأجر عند انقضاء ذلک الوقت، ولا يطالب قبل ذلک“یعنی یہ حکم اس صورت میں ہے جب اجارہ مطلق نہ ہوبلکہ اجرت کسی معین وقت مثلاًسال اورمہینہ وغیرہ کے ساتھ موقت ہوتواس صورت میں اجرت کی ادائیگی اس وقت کے گزرنے پر دینالازم ہوگی، اس وقت سے پہلے اجرت کا مطالبہ نہیں کیاجاسکتا۔

(دررالحکام شرح مجلۃ الاحکام،جلد01،صفحہ461،مطبوعہ بیروت)

**واللہ اعلم** عزوجل **ورسولہ اعلم** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

**کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ**

**ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی**

05رمضان المبارک1445ھ/16مارچ2024ء



نوٹ:مرکز الاقتصاد الاسلامی(Islamic Economics Centre)کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے کی تصدیق دارالافتاء اہلسنت اور مرکز الاقتصاد الاسلامی(Islamic Economics Centre)کی ویب سائٹ اور مرکز الاقتصاد الاسلامی کے فیس بک پیج islamicEconomicsCentre سے کی جاسکتی ہے۔
دارالافتاء اہل سنت ویب سائٹ www.daruliftaahlesunnat.net | مرکز الاقتصاد الاسلامی(Islamic Economics Centre)کی ویب سائٹ www.iecdawateislami.com

ایڈریس: فیضان پلاٹ نزد حنفیہ مجاہدین مسجد متصل عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ
Email:appointment@iecdawateislami.com